© rasailojaraid.com



سنے بڑی پذیرائی کی تھی ۔ ۸۰ سال بعد روسی زبان میں یہ پہلا مستند ترجمہ ہوگا ۔ یہ ۷۵ ملین مسلمانوں کے لیے ایمان و اعتقاد کو مضبوط کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگا ۔ واضح رہے کہ ڈیلر نے ۱۶ ۔ سال قبل عیسائیت سے توبہ کر کے اسلام قبول کر لیا تھا ۔ (تعمیر حیات ، لکھنؤ ، ۲۵ ، اپریل ۱۹۹۳ء)

## قرآنیات پر انگریزی میں شائع شدہ مواد کی ببلوگرافی کی اشاعت

موجودہ دور میں مختلف موضوعات پر ببلوگرافی (کتابیات) کی تیاری میں دلچسپی روز افزوں ترقی پر ہے ۔ اس کی اصل وجہ طلبہ ، اساتذہ و محققین کے لیے اس کی عظیم افادیت ہے ۔ مختلف زبانوں میں قرآنیات پر بھی کتابیات کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہے ۔ انگریزی میں قرآنیات پر ڈاکٹر عبدالرحیم قدوائی (ریڈر شعبہ انگریزی مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ) کی زیر ترتیب ببلوگرافی اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے ۔ اس ببلوگرافی میں ۱۹۸۵ء ۔ ۱۹۹۲ء کے دوران انگریزی میں قرآنیات پر شائع شدہ کتب و مقالات کا احاطہ کیا جائے گا ۔ یہ ببلوگرافی اسلامک فاؤنڈیشن (لیسٹر برطانیہ) کے ترجمان مسلم ورلڈ بک ریویو MUSLIM WORLD BOOK REVIEW میں قسط وار زیر اشاعت ہے ۔ اس کا پہلا حصہ جو کتابوں سے متعلق ہے اس مجلہ کے شمارہ ۱۳ / ۳ ۱۹۹۳ء میں شائع ہو چکا ہے ۔ باقی دو حصے مقالوں سے متعلق ہیں وہ بھی اشاعت کے لیے تیار ہو چکے ہیں ۔ اس کتاب کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ توضیحی ANNOTATED ہے ۔ ہر کتاب سے متعلق طباعت و اشاعت کی ضروری معلومات فراہم کرنے کے علاوہ اس کی نوعیت و خصوصیت بھی مختصراً واضح کی گئی ہے ۔ (مسلم ورلڈ بک ریویو ۱۳ / ۲ ۱۹۹۳ء)

## احمدیہ تحریک برطانوی یہودی روابط

احمدیہ تحریک پر پنجاب سی ۔ آئی ۔ ڈی کی خفیہ رپورٹ پہلی بار انڈیا آفس لائبریری کی مستند دستاویزات میں احمدیہ تحریک کا تذکرہ ، برطانوی سامراج اور یہودیت سے خفیہ روابط کی داستان ، قومی تحریکوں اور پاکستان کے خلاف سازشیں ، ظفر اللہ کا پاکستان مخالف آئینی منصوبہ (۱۹۴۵ء) ، قادیانی پاکستان بننے کے بعد سر ظفر اللہ کو محض وزیر اعلیٰ پنجاب بنانا چاہتے تھے ۔ ظفر اللہ کا بطور وزیر خارجہ کا کردار ۔ ۱۹۵۳ء ۔ ۱۹۷۴ء کی ختم نبوت کی تحریکوں کا ایک جائزہ ، مرزا طاہر احمد کے کہنے پر ذوالفقار علی بھٹو مرحوم نے ۱۹۷۰ء کے انتخابات میں قومی اور صوبائی اسمبلی کے امیدواروں کی فہرست میں ۷۰ فی صد تبدیلی کی ۔ مارچ ۱۹۸۴ء میں امریکی سفارت کاروں نے مرزا طاہر احمد کو خبردار کر دیا کہ صدر ضیاء الحق تمہیں ٹھکانہ لگانے کا منصوبہ بنا چکے ہیں



© rasailojaraid.com